حکومت پاکستان

وزارت مذہبی امور بین المذاہب ہم آہنگی

<><><>

پروکیورمنٹ نوٹس

(سٹیشنری/متفرق اشیاء کی خریداری دوران مالی سال (21-2020)

وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلام آباد کو مذکورہ مالی سال 21-2020 کے دوران پیپرز، سٹیشنری، کمپیوٹر ٹونرز (Original) اور دیگر متفرق آئٹمز کی خریداری کے لئے سر بمہر ٹینڈر مطلوب ہیں۔ خواہشمند فرمیں (صرف اسلام آباد میں واقع) جو سیلز ڈپارٹمنٹ کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں، ہر لحاظ سے مکمل سر بمہر ٹینڈر ارسال کر سکتی ہیں جو زیر دستخطی کے پاس 2020-08-28 (صبح گیارہ بجے) یا اس سے قبل کوہسار پلازہ، فرسٹ فلور، پاک سیکریٹریٹ، اسلام آباد کے پتہ پر پہنچ جانے چاہئیں۔

۲۔ تفصیل درج ذیل ہے:

* ٹینڈر اسی دن 11.30 بجے دن بولی دہندگان کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔
* اے جی پی آر اسلام آباد کا جاری کردہ وینڈر نمبر ٹینڈر پر درج کرنا ہوگا۔
* ٹینڈر دستاویزات/مطلوبہ آئیٹمز کی فہرست زیر دستخطی کے دفتر سے کسی بھی یوم کار کو دفتری اوقات میں مفت حاصل کی جا سکتی ہیں۔
* ٹینڈر ایک مالی سال 21-2020 کے لئے مؤثر ہوگا۔
* بولی دہندہ لازماً اپنے دفتر/دوکان، ٹیلیفون، فیکس کا حامل ہو۔
* ٹینڈر کے ہمراہ بینک ڈرافٹ/پے آرڈر مبلغ پچاس ہزار روپے (قابل واپسی) بحساب پانچ فیصد بحق سیکشن آفیسر (جنرل) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلام آباد بطور زر بیعانہ آنا لازمی ہے، بصورت دیگر ٹینڈر مسترد کر دیا جائے گا۔
* کامیاب بولی دہندہ مذکورہ مالی سال کے دوران آئیٹمز کی ترسیل وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کوہسار بلاک، فرسٹ فلور، پاک سیکریٹریٹ اسلام آباد اور بین المذہب ہم آہنگی (8th فلور، گرین ٹاور بلڈنگ، بلیو ایریا) کی عمارت تک پہنچانے کا ذمہ دار ہوگا۔
* کمپیوٹر پرنٹر کے لئے استعمال ہونے والے ٹونرز/کارٹریج اور انک (سیاہی) وغیرہ صرف تیار کنندگان یا مجاز کے ڈیلر ہی فراہم کرنے کے اہل ہونگے (سرٹیفکیٹ منسلک ہونا لازمی ہے)۔
* ہر آئٹم کی قیمت سارے ٹیکسز کے ساتھ ہوگی۔
* مجاز اتھارٹی PPRA رولز کے مطابق تمام یا کسی بھی ٹینڈر کو منظور یا مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے جس کی وجہ سے بولی دہندہ کی تحریری درخواست پر بتائی جائے گی۔

(عبدالعزیز)
صیغہ افسر (عمومی)
فون: 051-9208411